بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعرات،12شعبان،1442ھ | 25/03/2021 | نمبر:1442/60

پریس ریلیز

پاک فوج کی قوت اور طاقت کا مظاہرہ ہر مسلمان کے لیے باعث فخر ہے!
کشمیر کے مسلمان اس فوجی قوت اور طاقت کے حرکت میں آنے کے منتظر ہیں
تاکہ ان کو ہندو ریاست کے قبضے سے آزادی دلوائی جائے

25مارچ 2021 کو منعقد ہونے والی بری، فضائی اور بحری افواج کی سالانہ پریڈ میں پاکستان کی افواج کے جوش و ولولے نے پاکستان کے مسلمانوں کو یہ احساس دلایا کہ ان کی افواج آج بھی پڑوس میں موجود ہندو افواج کا مقابلہ کرنے کی ہر دم صلاحیت رکھتی ہیں۔ جدید ترین طیاروں، ایٹمی، بیلسٹک اور کروز میزائیلوں، ڈرونز، ٹینک، آرٹلری اور آرمڈ کور اور ان سب سے بڑھ کر تربیت یافتہ، جذبہ ایمانی سے لبریز افواج رکھنے کے باوجود پاکستان کے حکمران ان افواج کو کشمیر کی آزادی کے لیے حرکت میں لانے سے انکاری ہیں۔ کشمیر میں بھارت کی ہٹ دھرمی کو ڈیڑھ سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے جب بھارت نے آئینی ترامیم کے ذریعے کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو یک طرفہ طور پر ختم کر کے اسے بھارتی ریاست کا مستقل حصہ بنا لیا۔ اس صورتحال کا تقاضا تو یہ تھا کہ 23مارچ کو پاک فوج کے دستے سرینگر کا رخ کرتے اور کشمیر کی وادی جہاد کی تکبیرات سے گونج اٹھتی، لیکن ہماری سیاسی اور فوجی قیادت نے اسلام اور مسلمانوں سے غداری کا ثبوت دیتے ہوئے امریکی استعمار کے حکم پر کشمیر پر سودے بازی کرتے ہوئے بھارت کو امن کی پیشکش کر دی۔ ان کا یہ عمل نہ صرف کشمیر پر بھارت کے قبضے کو جواز فراہم کرتا ہے بلکہ آنے والے وقت میں مقبوضہ کشمیر کو ہندوؤں کے قبضے سے آزاد کروانے کیلئے کسی قسم کی پیش قدمی کی راہ میں رکاوٹ بھی کھڑی کر دیتا ہے۔ یقیناً کشمیر کے مسئلے کو دفن کرنے کا یہ منصوبہ اب بے نقاب ہو چکا ہے جسے پاکستان کے مسلمان مسترد کرتے ہیں اور اپنی بہادر افواج سے یہ امید لگائے ہوئے ہیں کہ وہ ان غدار حکمرانوں اور ان کے استعماری آقاؤں کے فیصلوں کو روندتے ہوئے اپنے زورِ بازو کے بل بوتے پر صرف اللہ سبحانہ و تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے کشمیر کے مسلمانوں پر ہونے والے ظلم و ستم کا جواب فوجی قوت کے زور پر اسے آزاد کروانے کی صورت میں دیں گے۔

اے افواجِ پاکستان! 23مارچ کا دن اس یاد کا دن ہے کہ مسلمانوں نے انگریز کے خلاف جدوجہد میں ان گنت قربانیاں اس لیے دیں تھیں تاکہ مسلمان اسلام کے نظام کے مطابق زندگی گزار سکیں، تاکہ "پاکستان کا مطلب کیا، لا إله إلا الله" کے نعرے کو حقیقت میں بدلا جا سکے، تاکہ جہاد فی سبیل اللہ کو جاری کیا جا سکے اور اسلام کی سرزمین پر اسلام کو نافذ کیا جا سکے۔ ہم کیسے ہندو ریاست سے امن اور دوستی کی بات کر سکتے ہیں جبکہ ہمارے آباؤ اجداد نے مشرک ہندوؤں کی اتھارٹی تلے رہنے سے انکار کر دیا تھا۔ کیا توحید کی علمبردار بت شکن امت، اس خطے میں مشرک ہندوؤں کی اجارہ داری قبول کر سکتی ہے؟ ہر گز نہیں! آپ کی رگوں میں دوڑنے والا خون اس سپہ سالار محمد بن قاسم کا ہے جس نے آج سے تیرہ سو سال قبل اسی برِ صغیر پاک و ہند پر اسلام کا نظام نافذ کیا تھا، تو آپ میں سے کون وہ خوش قسمت ہے جو آج دوبارہ اس برِ صغیر پاک و ہند پر اسلام کے نظام کو نافذ کرنے کا باعث بن کر اس خون کے حق کو ادا کرنے میں پہل کرے گا؟ آپ میں سے کون ہے جو خلافت کے قیام کے لیے نصرۃ فراہم کرے گا تاکہ آپ کی قوت اور طاقت کو اسلام کے نفاذ اور مسلم علاقوں کی آزادی کے لیے استعمال کیا جائے؟ آگے بڑھیں اور اپنی دنیا اور آخرت کی کامیابی کے لیے حرکت میں آئیں۔

وَٱلسَّٰبِقُونَ ٱلسَّٰبِقُونَ۔ أُوْلَٰٓئِكَ ٱلۡمُقَرَّبُونَ۔

"اور سبقت لے جانے والے تو سبقت لے جانے والے ہی ہیں۔ وہ اللہ کے خاص مقرب ہیں"(الواقعہ:11-10)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrira.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info:

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹا گرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK04 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449 پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK